فلاڈلفیا کا اسکول ضلع

ہتھیار ممنوع ہیں

پنسلوانیا کا قانون اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ، عمر یا گریڈ سطح سے قطع نظر، اگر کسی بھی طالب علم کے پاس اسکول کے پروگرام یا وقوعہ، یا اسکول یا اسکول کے پروگرام یا وقوعہ میں آنے یا جانے (بشمول اسکول بس اور عوامی ذرائع نقل و حمل) کے دوران کوئی **ہتھیار** پایا جاتا ہے تو اسے **گرفتار** کرلیا جائے گا اور اسکول ضلع سے کم از کم ایک سال کیلئے **خارج** کردیا جائے گا۔

اس قانون کے مطابق **ہتھیار** کی تعریف یوں ہے "چاقو، کاٹنے کا آلہ، کاٹنے کا اوزار، آتشیں ہتھیار، شاٹ گن، رائفل اور کوئی دیگر ذریعہ، آلہ یا کوئی ایسی چیز جس سے سنگین جسمانی چوٹ پہنچ سکتی ہو۔" اس قانون کے تحت یہ ضروری نہیں ہے کہ طالب علم **گرفتاری** اور **اخراج** سے قبل اس آلے کو استعمال کرتا ہوا یا اس کی کوشش کرتا ہوا پایا جائے۔ اس کے علاوہ، ذاتی دفاع کیلئے رکھے جانے والے **ہتھیار** بھی اس قانون کے ضابطوں سے مستثنی نہیں ہیں۔ پاس رکھنے میں اس فرد کے ساتھ میں یا اسکول بیگ، ڈیسک، یا لاکر میں پایا جانا بھی شامل ہے۔